فوری ریلیز کے لیے: 2023/21/12 

***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے افراط زر میں کمی کے قانون کے تحت ریاست نیو یارک کو 8$ ملین دینے کا اعلان کیا ہے تاکہ تیل اور گیس کے کنوؤں سے میتھین اخراجوں میں کمی لائی جائے***

***میتھین کے اخراجوں کو کم کرنے اور زمینی اور سطحی آبی ذخیروں کی حفاظت کے لیے نیو یارک کی جاری کوششوں کو تقویت دینے کے لیے فنڈز***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست ہائے متحدہ کی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی اور توانائی کے محکمے کی جانب سے ریاست نیو یارک کو میتھین کے اخراجوں میں کمی کے پروگرام کی مد میں 8$ ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ افراط زر میں کمی کے قانون میں شامل فنڈز، تیل اور گیس کے بنیادی ڈھانچے سے ماحولیاتی تبدیلی لانے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے ساتھ، زمینی اور سطحی آبی ذخیروں کی حفاظت کے لیے نیو یارک کی جاری کوششوں کو تقویت دیں گے۔

"نیو یارک کے شہری پوری ریاست میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات محسوس کر رہے ہیں، اور اس کے ردعمل میں ہم دلیرانہ کارروائی کر رہے ہیں اور ریاستی اور وفاقی ریکارڈ وسائل کی مدد سے ایک مضبوط، زیادہ لچکدار نیو یارک تعمیر کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "Biden-Harris انتظامیہ اور ہمارے وفاقی شراکت دار میتھین کے اخراجوں میں کمی کے پروگرام کے ذریعے نقصان دہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں میں کمی لانے کی اہمیت تسلیم کر رہے ہیں، اور ماحولیاتی تبدیلی کے نتیجے میں لاحق وجودی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے نیو یارک کے عزم کو تقویت پہنچا رہے ہیں۔"

**سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا،** "بالائی ریاستی نیو یارک، جنوبی سلسلے اور وسطی نیو یارک سے لے کر مغربی نیو یارک اور فنگر لیکس تک، کئی دہائیوں سے تیل اور گیس کے متروکہ کنوئیں تعفن زدہ پڑے ہیں جو ایسے پوشیدہ خطرات پیدا کر رہے ہیں کہ جو ہمارے گھر کے عقبی صحن، پینے کے پانی کے ذرائع کو آلودہ کر رہے ہیں اور موسمیاتی تبدیلی میں مزید بگاڑ پیدا کر رہے ہیں۔ اب، افراط زر میں کمی کے ایکٹ کی بدولت جس کی سربراہی میں نے انجام دی ہے، نیو یارک کو 8$ ملین ملیں گے تاکہ ان کنوؤں سے میتھین کی مضر آلودگی میں کمی لائی جائے۔ مجھے موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں مدد کے لیے یہ اہم وفاقی سرمایہ کاری فراہم کرنے پر فخر ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ بالائی ریاستی NY میں معدنی ایندھن کی صنعت سے پیدا ہونے والی آلودگی پھیلانے والی باقیات صاف کرنے کے لیے، میونسپلٹیز کو مکمل مالی بوجھ اٹھانے کی ضرورت نہیں ہے۔"

**سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا،** "موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے میتھین کے اخراجوں میں کمی لانا بہت ضروری ہے۔ یہ وفاقی فنڈنگ ریاست نیو یارک کی جاری کوششوں کو تقویت دینے میں مدد کرے گی تاکہ تیل اور گیس کے شعبے میں میتھین کے اخراجوں میں کمی لائی جائے اور نیو یارک کے لاتعداد لوگوں کے لیے پانی کے معیار کی حفاظت کی جائے۔ مجھے یہ دیکھ کر فخر ہو رہا ہے کہ نیو یارک کے شہریوں کے لیے اس وفاقی فنڈنگ سے ایک صاف ستھرا ماحول پیدا کیا جائے گا اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ان وفاقی ڈالرز کو اپنے یہاں لانے کے لیے میں جدوجہد کرتی رہوں گی۔"

**امریکی محکمۂ توانائی کے معاون سیکرٹری برائے معدنی توانائی اور کاربن کا انتظام Brad Crabtree نے کہا،** "ریاست نیو یارک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کی ملک گیر کوششوں میں ایک رہنما کا کردار ادا کر رہی ہے۔ صدر Biden کی جانب سے امریکہ میں سرمایہ کاری کرنے کے ایجنڈا کی بدولت، نیو یارک جیسی ریاستیں نقصان دہ آلودگیوں میں کمی لانے اور موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات کو کم کرنے کی خاطر ایک اہم قدم اٹھا سکتی ہیں۔"

**امریکی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی کی علاقہ 2 کی منتظم Lisa F. Garcia نے کہا،** "تیل اور گیس کے کنوؤں سے میتھین کے اخراجوں میں کمی لاتے ہوئے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے سلسلے میں نیو یارک رہنمائی کر رہا ہے۔ افراط زر میں کمی کے قانون کی بدولت، تاریخ کی سب سے بڑی وفاقی ماحولیاتی سرمایہ کاری، یعنی 8$ ملین کی یہ فنڈنگ EPA اور ریاست نیو یارک کے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں میں کمی لانے اور ہمارے ضروری آبی وسائل کی حفاظت کے عزم کا اظہار کرتی ہے۔ تیل اور گیس کے کنوؤں کے دہانے بند کرتے ہوئے اور میتھین کے اخراجوں کو روکتے ہوئے، ہم آلودگی کا ایک بڑا ذریعہ ختم کر رہے ہیں اور نیو یارک کے تمام شہریوں کی صحت اور حفاظت کا تحفظ کر رہے ہیں۔"

وفاقی فنڈز میں 8$ ملین استعمال کرتے ہوئے ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ ( Department of Environmental Conservation، DEC) کی جانب سے تیل اور گیس کے شعبے کی طرف سے میتھین کے اخراجوں کی نگرانی اور اسے کم کرنے کی کوششیں آگے بڑھائی جائیں گی کیونکہ آپریٹرز کے طور پر فہرست شدہ انفرادی زمینداروں کے ساتھ کنوؤں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، ریاست ان کنوؤں کے دہانے بند کرنے کا کام کر رہی ہے۔ یہ فنڈز 14 ریاستوں کو دیئے گئے 350$ ملین کا حصہ ہیں جو میتھین کے اخراج کی پیمائش اور کمی لانے میں مدد کریں گے، جو کہ موسمیاتی تبدیلی کے سب سے بڑے اسباب میں سے ایک ہے۔ یہ فنڈنگ، جو صدر Biden کے افراط زر میں کمی کے ایکٹ کے ذریعے ممکن ہوئی ہے - یہ تاریخ کی سب سے بڑی وفاقی موسمیاتی سرمایہ کاری ہے - جو کہ نیو یارک اور دیگر ریاستوں کی مدد کرے گی کہ وہ فعال کنوؤں سے میتھین کے اخراجوں میں کم لانے اور کنویں کی جگہوں کی ماحولیاتی بحالی کی حمایت کرنے کے لیے صنعت کی کوششوں میں معاونت کریں۔

میتھین کے اخراجوں میں کمی کا پروگرام، نیو یارک کو تکنیکی اور مالی امداد کا ایک مجموعہ بھی فراہم کرتا ہے تاکہ کنویں کے مالکان اور آپریٹرز کو رضاکارانہ طور پر کم پیداواری روایتی تیل اور گیس کے کنوؤں سے میتھین کے اخراجوں کی شناخت کرنے اور اسے ختم کرنے میں مدد ملے، جسے معمولی روایتی کنویں بھی کہا جاتا ہے، جہاں سے میتھین کا غیر متناسب طور پر زیادہ اخراج ہوتا ہے۔

**محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "گورنر Kathy Hochul کی قیادت کے تحت، اور ہمارے وفاقی شراکت داروں کی مدد سے، نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی کی جانب ایک منصفانہ منتقلی کے لیے پیش رفت کی جا رہی ہے جو اچھی ملازمتیں پیدا کرے گی اور مستقبل کے لیے سبز معیشت کی حمایت کرے گی۔ تیل اور گیس کے شعبے سے میتھین کی روک تھام کرنا، نیو یارک کے کلائمیٹ ایکٹ کو لاگو کرنے اور اخراجوں میں کمی لانے کے سنگ میل تک پہنچنے کے لیے اہم ہے۔ DEC کی طرف سے صدر Biden، EPA کے منتظم Regan اور علاقائی منتظم Garcia، اور DOE کی سیکرٹری Granholm کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ نیو یارک کی جانب سے میتھین میں کمی لانے کے جاری شدہ اقدامات کے سلسلے میں 8$ ملین کی یہ سرمایہ کاری کی گئی ہے۔"

یہ وفاقی فنڈنگ جس کا آج اعلان کیا گیا، نیو یارک کے میتھین اور دیگر گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے بہت سے مراحل کی تکمیل کرتی ہے۔ 2022 میں، گورنر Hochul نے حتمی ضابطوں کا اعلان کیا تھا جو ریاست نیو یارک میں کسی بھی تیل اور قدرتی گیس کے بنیادی ڈھانچے سے میتھین اور دیگر نقصان دہ گیسوں کے اخراجوں میں نمایاں کمی کا تقاضا کرتے ہیں۔ میتھین کے اخراجوں میں سالانہ 14,000 میٹرک ٹن سے زیادہ اور غیر مستحکم نامیاتی مرکبات کے اخراج میں سالانہ 2,000 ٹن سے زیادہ کمی لاتے ہوئے، یہ ضوابط ریاست کے صاف توانائی اور ماحولیاتی قومی راہبر ایجنڈے کو پورا کرنے میں ایک سنگ میل کے طور پر ابھرتے ہیں۔ علاوہ ازیں، 2020 کے ضوابط، درآمد شدہ بجلی اور معدنی ایندھن سے وابستہ اخراجوں سمیت، ریاست بھر میں میتھین اور دیگر

گرین ہاوس گیسوں کے اخراج میں 2030 تک 40 فیصد کمی، 2050 تک 85 فیصد کمی کی متقاضی حدود قائم کرتے ہیں۔

اس سال کے آغاز میں، تاریخی بائی پارٹیسن انفراسٹرکچر قانون کے ذریعے نیو یارک ریاست کو ملنے والی 25$ ملین والی وفاقی گرانٹ کی فنڈنگ سے[گورنر Hochul نے گیس کے پہلے کنوئیں کا دہانہ بحفاظت بند کرنے کے کام کی تکمیل کا اعلان](#) کیا تھا۔ ریاست نیو یارک زمین مالکان کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ تیل اور قدرتی گیس کے پرانے اور متروکہ کنوؤں کے دہانے بند کیے جا سکیں اور عوامی سلامتی کا تحفظ حاصل ہو، میتھین اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا پیش خیمہ بننے والی دیگر گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں میں کمی لانے میں مدد کی جا سکے۔

**ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ**

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 118 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 52$ بلین سے زائد، عمارتوں سے نکلنے والے مضر اخراج کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف ٹرانسپورٹیشن والے اقدامات کے لیے تقریباً 3$ بلین، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ یہ شراکت داریاں نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات کو مسلسل آگے بڑھا رہی ہیں، جس کے تحت 400 رجسٹرڈ شدہ اور 100 سے زیادہ سرٹیفکیٹ یافتہ ماحولیاتی طور پر اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 آلودگی سے پاک کمیونٹیز اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ہوا کی آلودگی اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ہوا کی نگرانی کی سب سے بڑی ریاستی پیش رفت پہلے سے ہی عمل میں ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں